CITY OF PHILADELPHIA

تاریخ

مالک

پتہ

شہر، ریاست، زپ کوڈ

بحوالہ: آگ سے تحفظ کے سسٹمز کی سلسلہ وار سرٹیفیکیشن

محترم عمارت کے مالک/ منیجر:

آپ کو یہ نوٹس اس لیے موصول ہو رہا ہے کیونکہ سٹی آف فلاڈیلفیا کے ریکارڈز سے اس امر کی نشاندہی ہوئی ہے کہ آپ کی عمارت کو آگ سے تحفظ کے سسٹمز کے ذریعے سروس فراہم کی جاتی ہے جو فلاڈیلفیا فائر کوڈ کے تحت سلسلہ وار جانچ کاری اور معائنے کے تقاضوں کے تابع ہے۔

درج ذیل سسٹمز جانچ کاری اور معائنے کے تقاضوں کے تابع ہیں:

- فائر سپرنکلرز
- فائر الارمز
- ایمرجنسی اور اسٹینڈ بائی پاور
- اسموک کنٹرول سسٹمز
- اونچی عمارتوں میں موجود ڈیمپرز اور سماجی تفریح فراہم کرنے والی مخصوص جگہیں
- آگ بجھانے کے دیگر سسٹمز، جس میں باورچی خانے کے ہڈز، اسپرے بوتھ، یا برقی آلات کے لیے موجود تحفظات شامل ہیں۔

یہ معائنے سٹی سے لائسنس یافتہ ایک ماہر شخص کے ذریعے انجام دینا لازم ہے اور سٹی فارمز استعمال کرتے ہوئے سرٹیفیکیشن لازماً فراہم کرنا ہو گی۔ مطلوبہ سرٹیفیکیشنز کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے، سٹی کی ویب سائٹ www.phila.gov/li/fire-protection-certification ملاحظہ کریں۔ *براہ کرم نوٹ کریں کہ محض 1-2 رہائشی یونٹس کے لیے استعمال ہونے والی عمارتوں کو سروس فراہم کرنے والے سسٹمز سرٹیفیکیشن کے ان تقاضوں کے تابع نہیں ہیں۔ گھر کے مالکان پر لازم ہے کہ وہ اپنے گھروں میں استعمال ہونے والے سسٹمز کے مرمتی تقاضے جاننے کے لیے اپنے آپریشنل دستی کتابچوں سے رجوع کریں۔*

1 اپریل 2023 سے، تمام سرٹیفیکیشنز http://eclipse.phila.gov کے ذریعے سٹی کے لائسنس یافتہ انسپکٹر کو جمع کروائے جانے تھے۔ **اگر 31 مئی 2024 تک ضروری سرٹیفکیشنز فراہم نہیں کیے جاتے تو عمارت کے مالکان اور لائسنس یافتہ انسپکٹرز کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔**

آپ اس بات کی تصدیق کر سکتے ہیں کہ سرٹیفیکیشنز www.atlas.phila.gov کے ذریعے سٹی کو کامیابی کے ساتھ جمع کروا دیے گئے ہیں۔ اپنی پراپرٹی کا پتہ تلاش کریں اور پراپرٹی کے لیے جمع کروائے گئے تمام عمارتی سرٹیفیکیشنز کو تلاش کرنے کے لیے لائسنسز اور معائنہ جات کی ٹیب پر کلک کریں۔

اگر آپ کی عمارت میں آگ سے تحفظ کے سسٹم کے ذریعے مزید سروس فراہم نہیں کی جاتی ہے، تو براہ کرم 31 مئی 2024 تک https://form.jotform.com/PhillyLI/FSDiscontinue پر محکمے سے رابطہ کریں۔ اس کے علاوہ ایسی اضافی معلومات بھی درکار ہو سکتی ہیں جو یہ ظاہر کرتی ہوں کہ یہ عمارت بدستور فلاڈیلفیا کوڈ کی تعمیل کرتی ہے۔

براہ کرم محکمے کو FireSafetySystemCerts@phila.gov کے ذریعے کسی بھی قسم کے اضافی سوالات یا خدشات جمع کروائیں یا 3-1-1 پر کال کریں (اگر شہر کے باہر سے کال کر رہے ہیں، تو 215-686-8686 پر کال کریں)۔

بصد خلوص،
آڈٹس اور تفتیشی یونٹ
سٹی آف فلاڈیلفیا
محکمہ برائے لائسنسز اور معائنہ جات

ATTENTION: This is an important notice! For information in your language, call 215-686-8686 or visit www.phila.gov/li
ATENCIÓN: ¡Este es un aviso Importante! Para recibir información en su idioma, llame al 215-686-8686 o visite www.phila.gov/li
注意：这是重要通知！如果您需要以您的语言获得此信息，请致电 215-686-8686 或访问 www.phila.gov/li
CHÚ Ý: Đây là thông báo quan trọng! Nếu bạn cần thư này bằng ngôn ngữ khác, vui lòng gọi 215-686-8686 hoặc truy cập phila.gov/li
주의: 중요 통지입니다! 이 서신을 귀하의 언어로 받고 싶으시면 215-686-8686번으로 전화하시기 바랍니다 또는 phila.gov/li를 방문하십시오.
توجہ فرمائیں: یہ ایک ضروری اطلاع نامہ ہے! ترجمے کی خدمات کے لیے 215-686-8686 پر کال کریں یا phila.gov/li ملاحظہ کریں۔
ATTENTION: Cet avis est important! Si vous avez besoin de cet avis dans une autre langue, appelez le 215 -686-868 ou visitez phila.gov/li